NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ہمارے طلبا کو دنیا میں تبدیلی لانے کا بااختیار بنانا

نیویارک کے عزیزی مکین:

آپکے بچوں کے پاس محض اپنی آوازوں اور تجربات کا اشتراک کرکے دنیا کو تبدیل کرنے کی طاقت ہے۔ اب، پہلے سے کہیں زیادہ، ہماری جمہوریت کو ان شہریوں کی ضرورت ہے جو سرگرم اور مصروفِ عمل ہیں، اور ہمارے پبلک اسکولز مستقبل کے شہریوں کی تعمیر کرنے کا ایک اہم جز ہیں۔

یہ وہ پیغام ہے جسکا ہم نے پانچوں بروز کے اسکولوں میں شہر کے پانچویں سالانہ سوکس ہفتے کے ایک جز کے طور پر طلبا کے ساتھ اشتراک کیا تھا جو 6 مارچ کو شروع ہوا تھا۔ سوکس ویک (شہریت کا ہفتہ) نہ صرف نوجوانوں کی آوازوں اور شہریت کی طاقت کا جشن مناتا ہے، یہ طلبا کو ہمارے شہر کے قائدین کے ساتھ فرداً فرداً کام کرنے، پبلک سروس میں طرزمعاش کی چھان بین کرنے، اور اپنی برادریوں میں بطور ایک سرگرم رکن کے تبدیلی لانے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

اسٹیٹن آئلینڈ میں نیو ڈارپ ہائی اسکول میں، طلبا نے مقابلہ جاتی شراکتی بجٹ کی تجاویز تیار کی تھیں—ایک چارجنگ اسٹیشن کے لیے، اور ایک کیمپس میں لانڈری کے لیے—جس پر انکے کلاس کے ہمسر ووٹ ڈالیں گے۔ یہ صرف ایک مثال ہے کہ ہمارے پبلک اسکولوں میں طلبا دست عملی تجربہ اور گہری فہم حاصل کرسکتے ہیں کہ اصل دنیا میں چیزیں کس طرح کام کرتی ہیں۔ یہ تمام شرکا کے لیے ایک گراں قدر سبق ہے اور طلبا کو دکھاتا ہے کہ انکی محنت چیزوں کو بہتر بنانے میں کارآمد ہے اگرچہ وہ ان سے براہِ راست مستفید ہونے کے لیے موجودہ نہ بھی ہوں۔

تمام ہائی اسکولوں کو ووٹر رجسٹریشن فارمز ملے تھے اور وہ رجسٹریشن مہمات منعقد کرسکتے ہیں، ووٹ ڈالنے اور شہری شمولیت کی تاحیات پُرعزمی کی ثقافت کی تعمیر کی جانب پہلا قدم۔ تمام اسکولوں نے اپنے کلاس رومز میں شہریت کی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے نصابی وسائل اور دیگر مواد کا ایک مجموعہ موصول کیا تھا۔ اس میں شہری شمولیت اور ووٹ ڈالنے کی اہمیت کے بارے میں سبق

کے منصوبے، شہری شمولیت کے ولولے کو فروغ دینے کے لیے کلاس روم مواد، اور NYCPS Civics for All کے لیے بنائی گئی کامکس گروپ مجموعے کی جانب سے تین پُرجوش، نئی کومک کتابیں شامل تھیں: *Action Activists #3, Recognized #2*, اور *Barrier Breaker* جو *Jackie Robinson* کی شہری حقوق کے لیے جدوجہد اور بیس بال کے علاوہ انکی روایت کی کہانی بیان کرتے ہیں۔ دیگر وسائل میں فوٹو بوتھ پروپس اور "My Voice Matters" اسٹیکرز شامل تھے۔

کوئینز P.S./I.S. 266 میں Joshua Malcolm نے کہا کہ اس ہفتے کی سرگرمیوں نے طلبا کو سِکھایا کہ "کس طرح آواز اٹھائیں اور اپنے خیالات کے اظہار میں خائف نہ ہوں۔"

کوئنز میں P.S. 107 Thomas A. Dooley کے Mason Esguerra نے کہا "ٹیم کا کام افراد کو عظیم کامیابی کی جانب لے جاتا ہے۔ اس میں ہر شخص شامل ہے اور ہم سب اپنی اسکول برادری میں فرق لا سکتے ہیں۔ یہ اہم ہے کہ ہم جو تبدیلی لانا چاہتے ہیں اسکے لیے آواز اٹھائیں۔"

میں، ہمارے نوجوانوں کو ہماری جمہوریت میں سرگرمی سے حصہ لینے اور انکی آوازیں سنائے جانے کی ترغیب دینے کے لیے— اپنے شراکت دارین —میئر کا پبلک انگیجمنٹ یونٹ، سوک انگیجمنٹ کمیشن، اور ڈیموکریسی این وائی سی کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے اسکول قائدین، اساتذہ، اور انتظامیہ کو ہمارے نوجوانوں کو یہ دکھانے کے لیے بہت شکریہ کہ جب وہ ملکر کام کرتے ہیں، وہ تبدیلی لا سکتے ہیں جو وہ ہمارے شہر، ہماری ریاست اور ہماری دنیا میں دیکھنا چاہتے ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری ہفتہ وار وڈیو برائے خلاصہ

اور یہاں ہیں [میئر Eric Adams کا ہفتہ وار وڈیو](#) اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، [براہِ مہربانی یہاں کلک کریں](#)

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی [ن سبسکرائب کریں۔](#)

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئی کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ -Auto" translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔